سبق-10

برائے مطالعہ

# جاوید کے نام

دیارِ عشق میں اپنا مقام پیدا کر
نیا زمانہ ، نئی صبح و شام پیدا کر
خدا اگر دلِ فطرت شناس دے تجھ کو
سکوتِ لالہ و گل سے کلام پیدا کر
اُٹھا نہ شیشہ گرانِ فرنگ کے احساں
سفالِ ہند سے مینا وجام پیدا کر
میں شاخِ تاک ہوں ، میری غزل ہے میرا ثمر
مرے ثمر سے مئے لالہ فام پیدا کر
مرا طریق امیری نہیں ، فقیری ہے
خودی نہ بیچ ، غریبی میں نام پیدا کر

• ڈاکٹر سر محمد اقبال

## مشکل الفاظ کے معنیٰ

| لفظ | معنی |
|---|---|
| دیار | شہر، علاقہ، ملک |
| عشق | محبت، شوق، خواہش |
| فطرت شناس | عقل مندی، ہوشیاری، قدرت کی سمجھ |
| سکوت | خاموشی، امن |
| لالہ | روشن، درخشاں، ایک پھول کا نام |
| گل | پھول |
| کلام | سخن، بات، گفتگو |
| شیشہ گرانِ | شیشہ بنانے والے |
| فرنگ | یورپ کے متعلق، مراد انگریز |
| شیشہ | آئینہ، کانچ |
| سِفال | ٹھکری، مٹی |
| مینا | شراب کی بوتل، ایک قسم کے پتھر کا نام، رنگ برنگ کا شیشہ |
| جام | شراب پینے کا برتن، پیالہ، گلاس، پیمانہ، ساغر |
| تاک | انگور کی بیل |
| ثمر | پھل، میوہ |
| مے | شراب |
| فام | رنگ، شبیہ، مانند |
| خودی | خودشناسی، خودداری |